نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

کپاس کی آئندہ فصل سے بھرپور پیداوار لینے کے لئے آف سیزن مینجمنٹ مہم میں تیزی لائی جائے۔ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب محمد شبیر احمد خان

لاہور20 فروری 2023: کپاس کی فصل ملکی معیشت کے لئے انتہائی اہم ہے۔ کپاس کی آئندہ فصل سے بہتر پیداوار حاصل کرنے کے لئے جاری آف سیزن مینجمنٹ مہم میں مزید تیزی لائی جائے تا کہ ضرررساں کیڑوں کوکنٹرول کیا جاسکے ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب محمد شبیر احمد خان نے زراعت ہاؤس لاہور میں کپاس کی آف سیزن مینجمنٹ کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر محمد انجم علی نے ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ زرعی توسیعی کارکنان کپاس کی آف سیزن مینجمنٹ پر اپنے ہدف کے مطابق عملدرآمد کر رہے ہیں اور کاشتکاروں کے ڈیروں،جننگ فیکٹریوں اور کھیتوں میں موجود گلابی سنڈی کے لاروے کی تلفی عمل میں لائی جارہی ہے۔اس کے علاوہ کاشتکاروں کے لئے خصوصی آگاہی مہم بھی جاری ہے اور اس سلسلے میں مساجد میں اعلانات بھی کروائے جارہے ہیں تا کہ کاشتکار اپنے ڈیروں پر موجود کپاس کی چھڑیوں کو ڈھیر لگاتے وقت چھوٹے گٹھوں کی حالت میں اس طرح رکھیں کہ چھڑیوں کے مُڈھ نچلی یعنی زمین کی طرف ہوں تا کہ دھوپ کی وجہ سے ان چھڑیوں میں موجود سنڈیاں اور لاروا تلف ہو جائیں۔اس کے علاوہ اُن کے بچے کھچے ٹینڈے الگ کر کے تلف کر دیں اور چھڑیوں کی ڈھیریوں کو پندرہ دن کے وقفے سے الٹ پلٹ کرتے رہیں۔اس کے علاوہ جننگ فیکٹریوں کے مالکان کو کپاس کے ٹینڈوں، بیج اور کچرا وغیرہ اکٹھا کر کے تلف کرنے کی ہدایات بھی دی گئی ہیں۔کاشتکاروں کو آگاہی مہم کے دوران بتایا جاتا ہے کہ سٹور/ گوداموں میں موجود ذخیرہ شدہ کپاس کے بیج کو اموینیم فاسفائیڈ کی دھونی دیں تا کہ بیج میں موجود سرمائی نیند سوئی ہوئی گلابی سنڈی تلف ہو جائیں۔اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب نے فیلڈ اسٹاف کو مزید متحرک کرنے پر زور دیا تا کہ ماس کنٹیکٹ کے ذریعے کپاس کی آف سیزن مینجمنٹ میں مزید تیزی لائی جائے۔بعدازاں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس نے کاشتکاروں کو کھادوں کی مقررہ قیمت پر فراہمی کے لئے ٹریک اینڈ ٹریس ایبلٹی پر زور دیتے ہوئے بلیک مارکیٹنگ اور اوورچارجنگ میں ملوث افراد کے خلاف کاروائی کی ہدایت کی۔اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) جنوبی پنجاب چوہدری امتیاز، ڈائریکٹر جنرل پیسٹ وارننگ پنجاب رانا فقیر احمد، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب محمد رفیق اختر اور ڈائریکٹر زراعت (توسیع) ساہیوال چوہدری شہباز اختر سمیت دیگر افسران نے شرکت کی

☆☆☆☆